© rasailojaraid.com

ہیں۔ البتہ کتاب کا معیار کتابت و طباعت فروتر ہے۔

رسول نمبر ماہ نامہ خاتونِ پاکستان | مدیر: شفیق بریلوی۔ ہدیہ دس روپیہ۔ ضخامت: ۲۹۹ صفحات۔ پتہ: پوسٹ بکس ۱۹۹ ۱۷۔ صدر۔ کراچی ۳

ماہ نامہ" خاتونِ پاکستان" کراچی کے مدیر جناب شفیق بریلوی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات سے والہانہ عقیدت و محبت رکھتے ہیں اور ان کی اس عقیدت و محبت کا اظہار ان کے سارے خاتونِ پاکستان کے متعدد رسول نمبروں سے ہوتا ہے۔ عشقِ رسول کے ساتھ ساتھ وہ ملت کا درد اور اصلاح کی تڑپ بھی اپنے دل میں رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے مرتب کردہ رسول نمبروں میں ایک مقصدیت کارفرما نظر آتی ہے۔

زیرِ نظر رسول نمبر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے ہر پہلو پر نہایت قیمتی مضامین جمع کر دیے گئے ہیں۔ لکھنے والوں میں قدیم و جدید اور ملکی و غیر ملکی علماء، فضلاء و صوفیاء و ادباء غرض ہر مشرب و مسلک کے بزرگوں کا اجتماع نظر آتا ہے جس سے یہ حقیقت مترشح ہوتی ہے کہ یہ امت خواہ کتنے ہی اختلافات میں الجھی ہوئی کیوں نہ ہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عقیدت و محبت سب کے لیے سرمایۂ حیات ہے۔

اسلامی اصولِ صحت | مصنف: فضل کریم فاران بی۔ اے ڈعلیگ، ایل۔ ایل۔ بی۔ ناشر: ادارۂ ثقافت اسلامیہ۔ کلب روڈ۔ لاہور۔ قیمت: ساڑھے تین روپیہ۔ ضخامت: ۲۲۰ صفحات۔

دینِ فطرت نے جہاں ہمیں آدابِ بندگی سکھائے ہیں وہاں آدابِ زندگی بھی سکھائے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ صحت و صفائی کے جو اصول مغرب نے اس بیسویں صدی میں عقل و تجربے کی مدد سے علوم و فنون کی روشنی میں معلوم کیے ہیں، ان سے کہیں زیادہ بہتر اور کہیں زیادہ مکمل اصول اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، نے ہمیں آج سے چودہ سو برس پہلے سکھا دیئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان قوم کا ایک ناخواندہ شخص بھی پاکیزگی و طہارت اور صحت و صفائی کا جو اہتمام رکھتا ہے، مغرب کے اچھے اچھے پڑھے لکھے افراد اس سے عاری نظر آئیں گے پھر فرق صرف اتنا ہی نہیں ہے، مغرب میں صحت و

© rasailojaraid.com